دارالافتاء والقضاء — الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 35432015 | fax: +92 21 32564586

Name : **Muhammad Naeem**
Serial No : **22067**
MODE: **Urgent**

Address : **Peshawar**
Date : **5/17/2014**

Subject : **شیخ نو مسلم کیلئے**
Contact No:

Writer : محمد احسان۔
Email :

جناب مفتی صاحب: السلام علیکم

میرے دادا ہندو یا سکھ مذہب سے مسلمان ہوئے (الحمد للہ)
بچوں کے پیدائش، داخلہ سکول، شناختی کارڈ اور دیگر فارم پُر
کرتے وقت، بسا اوقات ذات کے بارے میں پوچھا جاتا ہے۔ سُنا ہے
ایسے لوگوں کے لیے ذات "شیخ" استعمال کی جاتی ہے۔

آپ سے اس امر کی تصدیق چاہیے، یا یہ بتا دیں کہ
ہم، ذات [illegible] سے متعلق فارم کے خانے میں
کیا لکھیں؟

محمد نعیم، پشاور
15 May 2014
mnaeempk@yahoo.com

الجواب حامداً ومصلیاً

واضح ہو "ذات" کا لفظ قوم خاندان یا قبیلے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ اور اسلام لانے سے آدمی اپنے خاندان یا قبیلے سے خارج نہیں ہوتا۔ بلکہ اس کی قوم وہی ہوتی ہے جس سے وہ مسلمان ہونے سے پہلے تعلق رکھتا تھا۔ جیسا کہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جب اسلام لے آئے تو انہیں اسی قوم کی طرف منسوب کیا جاتا تھا جس سے انہیں اسلام سے قبل پہچانا جاتا تھا۔ لہذا سائل کے آباء اسلام سے قبل اپنے سرکاری کاغذات میں جس قوم سے پہچانے جاتے تھے۔ وہی قوم سائل کی کہلائے گی۔ سائل پر لازم ہے کہ قوم کے خانے میں بجائے "شیخ" کے اپنی اصل قوم کا ہی نام لکھے۔ (جاری ہے)۔

كما في احكام القرآن: (ادعوهم لآبآئهم هو اقسط عند الله)

قال العلامة العثمانی: روی آئمة البخاری والترمذی ومسلم

((ان ابن عمر رضی الله عنهما قال: ما كنا ندعو زيد بن حارثة الا

زيد بن محمد حتى نزلت ادعوهم لآبائهم الآية وحرم رسول الله

صلى الله عليه وسلم دعاء غير أبيه بالأب فقال: من ادعى الى غير أبيه

وهو يعلم أنه غير أبيه فالجنة عليه حرام)) (جلد ٣ ص ٢٩١)

والله اعلم بالصواب

محمد احسان عفی عنہ

دارالافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی ۱۶

۲۰ رجب المرجب ۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح

بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ

دارالافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

۲ / ۸ / ۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح

محمد ... عفی عنہ

دارالافتاء جامعہ بنوریہ

۳ شعبان ۱۴۳۵ھ

نائب رئیس

دارالافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

دارالافتاء

۲۲۰۶۷

۱۴۳۵/۸/۸

جامعہ بنوریہ العالمیہ سائٹ کراچی

7/6/14